© rasailojaraid.com

بیان بوترابؓ

حافظ محمد ابراہیم فانی مدرس دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

مرحبا یہ ذکر و یادِ گل نشانِ بوترابؓ
مستقل تاریخ ہے گویا بیانِ بوترابؓ

وصف پر اس کے ہے ناطق یہ تراحم رکعاً
مرکزِ رشد وہدیٰ ہے آستانِ بوترابؓ

فاطمہؓ بنت نبیؐ کے زوج ہیں وہ شبیرِ نر
اللہ اللہ کس قدر عالی ہے شانِ بوترابؓ

جن کی سیرت ہے بس اک آئینہ عشقِ رسولؐ
مشعلِ راہ ہے حیاتِ جاودانِ بوترابؓ

بارہا موجِ حوادث موت سے ٹکرا گیا
لائقِ تحسین ہے عزمِ جوانِ بوترابؓ

قوتِ بازو ہے اس کی فتحِ خیبر سے عیاں
"حیدرِ کرار" ہے بس ترجمانِ بوترابؓ

اپنے قاتل اور اعداء کردیئے خود ہی معاف
سارے عالم سے نرالا ہے جہانِ بوترابؓ

خاکِ بطحا جن کی عظمت پر گواہ ہے جانِ من
ذرّے ذرّے کی زبان پر داستانِ بوترابؓ

وقتِ ہجرت بسترِ آقاؐ ہوا جس کو نصیب
اوجِ عظمت پر ہے یارب کہکشانِ بوترابؓ

علم و حکمت کا سمندر اور ہے بحرِ سخا
چشمۂ جود و عطا ہے بس مکانِ بوترابؓ

رحم کر فانیؔ پہ یارب چار یاروں کے طفیل
منقبت میری ہو یہ شایانِ شانِ بوترابؓ

© rasailojaraid.com